**16.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........محمد عمار

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندرمودی نےآج کہاہےکہ انڈیاAI امپیکٹ سمٹ، انسان مرکوز ترقی کیلئے مصنوعی ذہانت کو تیزکرنے کے تئیں حکومت کے مشترکہ عہد کی عکاسی کرتی ہے۔ پانچ روزہ یہ تقریب آج نئی دلّی میں شروع ہوئی۔

☆ وزیر اعظم نے قومی راجدھانی میں انڈیا AI امپیکٹ ایکسپو کا افتتاح کیا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے سنتھالی قبائلی زبان کے'اول چکی' رسم الخط کے تحفظ اور اُسے فروغ دینے پر زور دیا ہے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے، قومی سلامتی اور جامع خودمختاری کو یقینی بنانے کیلئے ضروری حساس ٹیکنالوجیوں کی اندرونِ ملک فروغ پر زور دیا ہے۔

☆ ایران کے وزیر خارجہ عباس Araghchi نے، امریکہ کے ساتھ بات چیت کے دوسرے دور سے قبل، اقوام متحدہ کی جوہری نگرانی کی ایجنسی کے سربراہ سے جنیوا میں ملاقات کی۔

☆ اور مردوں کے ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ میں، گروپ مرحلے کے مقابلوں میں، انگلینڈ نے اٹلی کو شکست دی جبکہ افغانستان نے متحدہ عرب امارات کو ہرا دیا۔ ایک اور میچ میں آسٹریلیا نے سری لنکا کے سامنے جیت کیلئے 182رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**India AI Impact Summit**

انڈیا اے آئی اِمپیکٹ سَمِٹ 2026 آج قومی راجدھانی میں کھچاکھچ بھرے ہال اور طویل قطاروں کے ساتھ شروع ہوئی۔ یہ عالمی خطہٗ جنوب میں منعقد ہونے والی اب تک کی پہلی عالمی آرٹیفیشیل انٹلی جنس AI سَمِٹ ہے۔ ٹیکنالوجی کے بڑے نام، صنعتی قائدین، پالیسی ساز، ٹیکنالوجی کے بانی اور ماہرین، دنیا کی سب سے بڑی AI سَمِٹ کے مقام پر جمع ہوئے ہیں۔ یہ پانچ روزہ سَمِٹ عالمی AI ایجنڈے کی تشکیل میں، بھارت کے رول کو ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر مستحکم کرتی ہے۔ یہ سَمِٹ، بھارت کو عالمی سطح پر AI اشتراک و تعاون میں ایک منتظم اور

شراکت دار کے طور پر بھی پیش کرتی ہے، جو مشترکہ معیارات، باہمی تعاون کے لائحہ عمل اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے قابلِ توسیع حل کی حمایت بھی کرتی ہے۔

اس سَمِٹ میں 100 سے زیادہ ملکوں کو شرکت کرنے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ دو لاکھ سے زیادہ افراد نے آن لائن رجسٹریشن کرایا ہے۔ 20 ملکوں کے عالمی رہنماؤں کا، اِس پروگرام میں شرکت کرنے کا امکان ہے، جن میں فرانس، برازیل، اسپین، سوئٹزرلینڈ اور سری لنکا کے صدور، ابوظہبی کے ولی عہد اور نیدر لینڈرس، ماریشس اور بھوٹان کے وزرائے اعظم شامل ہیں۔انڈیا اے آئی اِمپیکٹ سَمِٹ 2026 تین بنیادی ستونوں یا سوتروں پر مبنی ہیں، جو مصنوعی ذہانت میں عالمی تعاون کی رہنمائی کرنے والے بنیادی اصولوں کو واضح کرتے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Ankit Kumar**

مصنوعی ذہانت، بھارت کی ترقی کے سفر کی اہم محرک ہے، جو حکمرانی اور عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری لارہی ہے۔ پانچ روزہ تقریب کے دوران عالمی رہنما، پالیسی ساز، ٹیکنالوجی کمپنیاں، اختراع کار اور ماہرین یکجا ہوں گے، جو حکمرانی، جدت طرازی اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں مصنوعی ذہانت کی بدلاؤ لانے والی صلاحیت پر غور و خوض کریں گے اور اس کا مظاہرہ کریں گے۔ انڈیا AI امپیکٹ سَمِٹ کے پہلے دن آج بھارت منڈپم اور سشما سوراج بھون میں مختلف موضوعات پر پینل مباحثے منعقد کئے جارہے ہیں۔

نئی دلّی سے Ankit Kumar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

سَمِٹ کے آغاز پر وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ یہ ملک کے عوام کیلئے انتہائی فخر کی بات ہے کہ دنیا بھر سے لوگ انڈیا اے آئی اِمپیکٹ سَمِٹ میں شرکت کرنے کیلئے بھارت آرہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے دنیا بھر سے اِس سَمِٹ میں شرکت کرنے کیلئے آنے والے عالمی رہنماؤں، صنعتی لیڈروں، اختراع کاروں، پالیسی سازوں، محققین اور ٹیکنالوجی سے دلچسپی رکھنے والے افراد کا پُرتپاک خیرمقدم کیا۔x

**Rev. PM AI Impact Expo**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارت AI امپیکٹ ایکسپو کا افتتاح کیا۔ جناب مودی نے ایکسپو میں مختلف اسٹالز کا دورہ بھی کیا۔ الیکٹرانکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو اور الیکٹرانکس اور IT کے وزیر مملکت جتن پرساد بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ بھارت AI امپیکٹ ایکسپو 2026، بھارت منڈپم میں بھارت AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس کے ساتھ، 20 فروری تک منعقد کی جارہی ہے۔ یہ ایکسپو، AI کے فعال ہونے کے قومی مظاہرے طور پر کام کرے گی، جس میں پالیسی عمل کے ساتھ ہمکنار ہوتی ہے، اختراع پیمانے اور ٹیکنالوجی روزمرہ کے شہریوں کے ساتھ ہمکنار ہوتی ہے۔ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 کا آغاز آج ہوا، جو ایسا پہلا موقع ہے، جس میں عالمِ جنوب میں مصنوعی ذہانت پر اِس پیمانے کی عالمی چوٹی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ 19 فروری کو وزیر اعظم نریندر مودی افتتاحی خطاب کریں گے، جو عالمی تعاون اور شمولیاتی اور ذمہ دار AI کیلئے بھارت کے وژن کی عکاسی کرے گا۔ مصنوعی ذہانت AI بھارت کے ترقی کے سفر کا ایک کلیدی عنصر ہے، جو حکمرانی کو مستحکم کر رہا ہے

اور وکست بھارت 2047 کے وژن کے مطابق عوامی خدمات کی فراہمی میں تبدیلی لا رہا ہے۔
ایک رپورٹ

**VC Anupam Mishra**

70ہزار مربع میٹر سے زیادہ علاقے پر محیط 10 شعبوں کا احاطہ کرتے ہوئے، اِس ایکسپو نے، ٹیکنالوجی کی عالمی کمپنیوں، اسٹارٹ اَپس، تعلیمی اور تحقیقی اداروں، مرکزی وزارتوں، ریاستی سرکاروں اور بین الاقوامی شراکت داروں کو یکجا کیا ہے۔ اس میں 13 ملکوں کے پویلین بھی شامل ہیں، جو AI ایکونظام میں بین الاقوامی تعاون کی نمائش کر رہے ہیں۔ اِن میں آسٹریلیا، جاپان، روس، برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، نیدرلینڈز، سوئٹزرلینڈ، سربیا، ایسٹونیا، تاجکستان اور افریقہ کے پویلین شامل ہیں۔ ایکسپو، 300 سے زیادہ نمائشی پویلین اور Live Demonstrations کی میزبانی کر رہا ہے۔ اِن میں 600 سے زیادہ اعلیٰ کارکردگی والے اسٹارٹ اَپس شامل ہیں، جن میں سے بہت سے عالمی ضروریات کے مطابق اور آبادی کی سطح کے حل فراہم کر رہے ہیں۔بھارت AI امپیکٹ ایکسپو 2026 میں، توقع ہے کہ، ڈھائی لاکھ سے زیادہ وزیٹرس شرکت کریں گے جن میں بین الاقوامی مندوبین شامل ہیں۔
آکاشوانی نیوز سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Vaishnav AI Impact Summit

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ بھارت کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی وسیع تر معیشت، ملک کے مضبوط ڈیجیٹل ڈھانچے اور ہنرمند افرادی قوت کی بدولت فروغ پارہی ہے۔ نئی دلّی میں AI Impact Summit 2026 کے باضابطہ سیٹلائٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے مختلف شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے یکسر تبدیلی لانے والے اثرات کو اجاگر کیا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کی بڑی معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے اور نئی ٹیکنالوجیز اور کام کاج کے جدید طریقوں کو اپنا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کا تقریباً 90 فیصد علاقہ 5G نیٹ ورک سے جڑ چکا ہے، جس سے شہری ڈجیٹل طور پر باخبر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکار ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کیلئے افرادی قوت کو تیار کرنے کے مقصد سے نئی مہارتیں سیکھنے، مہارتوں کو بہتر بنانے اور نئے ہنرمند افراد تیار کرنے پر توجہ دے رہی ہے۔

**SB - Ashwini Vaishnaw**

## Jitin Prasada AI Summit

الیکٹرانکس اور معلوماتی ٹیکنالوجی کے وزیر مملکت جتن پرساد نے کہا ہے کہ بھارت میں AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس منعقد کرنا بڑے فخر کی بات ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں تعلیم کیلئے AI اجلاس سے خطاب کرنے کے بعد کہی۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے ممالک کے سربراہان اور صنعتی لیڈر، اِس چوٹی کانفرنس میں پہنچ رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ جہاں تک AI کا تعلق ہے، بھارت اِس میں سرکردہ رول ادا کررہا ہے۔ جناب پرسادنے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت، عالمی جنوب کی آواز بن کر اُبھرا ہے۔

**SB - Jitin Prasada**

## Pavilion Ministries

India AI Impact Summit میں مختلف شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے اختراعی، پالیسی کی سمت طے کرنے والے اور حقیقی دنیا کے استعمال کا مظاہرہ کرنے والے کئی پویلین قائم کئے گئے ہیں۔ اطلاعات و نشریات کی وزارت کے پویلین میں Waves تخلیق کاروں کو جگہ دی گئی ہے۔ اس پویلین کو میڈیا اور مکالمہ جاتی جگہ کے طور پر اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے، جہاں پالیسی ساز، اسٹارٹ اَپس اور صنعتی رہنما یکجا ہوسکیں اور مصنوعی ذہانت کو، بھارت کی ترقیاتی ترجیحات، ثقافتی گوناگونیت اور قومی سلامتی کے ملحوظات سے ہم آہنگ کرسکیں۔ تقریب کے دوران بھارت کے تیزی سے فروغ پارہے مصنوعی ذہانت اور گیمنگ ایکو سسٹم کو پانچ اختراعی اسٹارٹ اَپس کے ذریعے نمایاں کیا گیا۔ گیمنگ اور مکالمہ جاتی ٹیکنالوجی کے زمرے کے تحت گیمنگ اسٹارٹ اَپس، مصنوعی ذہانت پر مبنی پلیٹ فارمس اور مصنوعات کا مظاہرہ کریں گے۔ عوامی بہتری کیلئے بدلتی ہوئی مصنوعی ذہانت کے استعمال کے امکانات تلاش کرنے کیلئے مصنوعی ذہانت پر مبنی سیکھنے اور حکمرانی کی پہل، مشن کرم یوگی کا اسٹال بھی تقریب میں لگایا گیا ہے۔x

## Karam Yogi AI Impact Summit

مشن کرم یوگی نے نئی دلّی میں منعقدہ India AI Impact Summit 2026 میں ایک خصوصی اسٹال لگایا ہے، جہاں عوام کی بھلائی اور خوشحالی کیلئے مصنوعی ذہانت کے استعمال کے انقلابی کیسز کو دریافت کرنے کیلئے AI پر مبنی سیکھنے کے عمل اور حکمرانی کے حل کو پیش کیا جارہا ہے۔ عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے آج بتایا کہ یہ اسٹال 'صلاحیت سازی کمیشن' اور 'کرم یوگی بھارت' کے اشتراک سے قائم کیا گیا ہے تاکہ iGOT کرم یوگی میں ضم AI سے چلنے والے نئے سلسلے کے تعلیمی آلات کو متعارف کیا جاسکے۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ آلات سیکھنے کے عمل کو کردار پر مبنی ذاتی نوعیت، کثیر لسانی اور حکومت کے روز مرہ کے کام کاج کو مربوط بنانے کیلئے تیار کئے گئے ہیں۔ اسٹال میں مصنوعی ذہانت کے کورسز کی اضافہ شدہ فہرست کو بھی اجاگر کیا گیا ہے، جو پلیٹ فارم پر دستیاب ہیں اور جن کا مقصد حکومت میں AI سے متعلق آگاہی اور عملی صلاحیت کو فروغ دینا ہے۔x

## Prez OL Chiki

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ سنتھالی زبان کے 'اول چکّی' رسم الخط کا تحفظ کرنے اور اِسے فروغ دینے کی کوششیں کی جانی چاہئیں۔ نئی دلّی میں آج 'اول چکّی' رسم الخط کی صد سالہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ 'اول چکّی' سنتھالی برادری کا مضبوط تعارف ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ رسم الخط، سنتھالی برادری میں اتحاد قائم کرنے کے وسیلے کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ 'اول چکّی' رسم الخط ملک میں ہی نہیں بلکہ دنیا بھر میں وسعت پا رہا ہے۔

صدر جمہوریہ نے 'اول چکّی' رسم الخط میں UPSC امتحان منعقد کرانے کے مرکزی حکومت کے فیصلے کی ستائش کی۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ساہتیہ اکیڈمی دیگر زبانوں کی طرح سنتھالی زبان کے ادیبوں کو بھی انعامات سے نواز رہی ہے اور یہ پذیرائی سنتھالی زبان کیلئے بے حد اہم ہے۔x

**Shah Delhi Police**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد کشمیر میں تشدد میں 80فیصد کی کمی آئی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ شمال–مشرق اور ماؤنوازوں سے متاثر علاقوں میں بھی تشدد میں کمی ہوئی ہے۔ وہ دلّی پولیس کے 79ویں یومِ تاسیس کی تقریبات کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ جناب شاہ نے کہا کہ 11ریاستوں میں ماؤنوازوں کی دہشت گردی، ملک کی اندرونی سلامتی کیلئے ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہی۔

**SB - SI - Amit Shah - 370 - 20 Secs**

**Rajnath DRDO**

وزیرِ دفاع راج ناتھ نے آج زور دے کر کہا کہ قومی سلامتی اور اسٹریٹیجک خود مختاری کو یقینی بنانے کیلئے ملک میں ہی اہم ٹیکنالوجیز کو تیار کرنا ضروری ہے۔ جناب سنگھ نے بدلتے ہوئے عالمی جغرافیائی حالات کے پیش نظر ایرو انجن ٹیکنالوجی میں خودکفالت حاصل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیرِ موصوف نے یہ بات آج بنگلورو میں دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO کے گیس ٹربائن کے تحقیقاتی ادارے میں سائنسدانوں اور افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ آپریشن سندور کا ذکر کرتے ہوئے، وزیرِ دفاع نے کہا کہ مسلح افواج نے ملک میں ہی تیار کردہ مواصلاتی نظام، نگرانی کے آلات اور ہتھیاروں کا استعمال کرکے دفاعی صلاحیتوں میں بڑھتی ہوئی خودکفالت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ایرو انجن ٹیکنالوجی میں بھارت کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کیلئے قومی ایرو انجن مشن کے تحت برطانیہ کے ساتھ مشترکہ مطالعات اور فرانس کے ساتھ تعاون سمیت موجودہ بین الاقوامی اشتراک و تعاون کو اجاگر کیا۔x

**Pharma IND US Deal**

دوا سازی کے شعبے نے بھارت - امریکہ عبوری تجارتی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے، طبی آلات کی برآمدات کو فروغ دینے سے متعلق کونسل کے چیئرمین RS Tanwar نے کہا کہ یہ معاہدہ بھارت کو عالمی سطح پر مینوفیکچرنگ مرکز کے طور پر مستحکم کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ اس تجارتی معاہدے سے منڈیوں تک رسائی میں توسیع اور برآمدات کے مواقع میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اِس معاہدے کے ساتھ ملک کا طبی آلات کا شعبہ ایک اہم مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ جناب Tanwar نے مزید کہا کہ بھارتی طبی آلات پر محصولات میں کمی سے امریکی بازار میں بھارت کی لاگت کی مسابقت میں نمایاں بہتری آئے گی۔x

**India US Deal Visit**

بھارتی حکام کی ایک ٹیم، ایک عبوری تجارتی معاہدے کے قانونی متن کو حتمی شکل دینے کیلئے، اگلے ہفتے امریکہ کا دورہ کرے گی۔ اِس سمجھوتے پر اگلے مہینے دستخط کئے جانے کی توقع ہے۔ کامرس کے سکریٹری راجیش اگروال نے آج کہا کہ یہ دورہ 23فروری سے شروع ہونے کی توقع ہے اور ملک کے اعلیٰ مذاکرات کار دَرپن جین قانونی تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کی غرض سے امریکہ کیلئے ایک وفد کی قیادت کریں گے۔ بھارت اور امریکہ نے اِس مہینے کے اوائل میں یہ اعلان کرتے ہوئے ایک مشترکہ بیان جاری کیا تھا کہ ایک عبوری تجارتی

معاہدے کیلئے لائحۂ عمل کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب اگروال نے کہا کہ مشترکہ بیان نے اِس سمجھوتے کے خدوخال طے کئے تھے اور اب سمجھوتے کے خدوخال کی ترجمانی قانونی سمجھوتے میں کی جاتی ہے، جس پر دونوں ملک دستخط کریں گے۔x

## Bangladesh Swearing IN

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، دیگر بیرونی عمائدین کے ساتھ، کَل بنگلہ دیش میں طارق رحمن کے قیادت میں نئی سرکار کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ طارق رحمن کی پارٹی نے 13ویں Jatiya Sangsad انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ بھارت کی وزارت خارجہ نے کہا کہ اوم برلا تقریب میں بھارت کی حکومت کی نمائندگی کریں گے۔ اس نے اُن کی شرکت کو دونوں ملکوں کے درمیان گہری دوستی نیز مشترکہ جمہوری اقدار کے تئیں بھارت کے عہد کا اعادہ کرنے کا عکاس قرار دیا۔x

## Iran Nuclear

ایران کے وزیر خارجہ نے آج اقوام متحدہ کی جوہری نگرانی کی ایجنسی کے سربراہ کے ساتھ ملاقات کی۔ یہ ملاقات ایران کے نیوکلیائی پروگرام پر امریکہ کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور سے قبل ہوئی ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس Araghchi نے بین الاقوامی جوہری توانائی کی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل Rafael Grossi سے ملاقات کی۔ جناب اراغچی نے کہا کہ وہ عُمان کے وزیر خارجہ بدر البُسیدی سے ملاقات کرسکتے ہیں، جو کل جنیوا میں امریکہ–ایران مذاکرات کی میزبانی کر رہے ہیں۔x

## Cricket T20 World Cup Toss

مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں، سری لنکا کے پلّے کیلئے انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں آسٹریلیا نے سری لنکا کے خلاف 182رن کا نشانہ رکھا ہے۔ آخری خبریں ملنے تک، رنوں کا پیچھا کرتے ہوئے، سری لنکا نے 6اوورس میں 1وکٹ کے نقصان پر 61رَن بنا لئے تھے۔ آسٹریلیا نے بلے بازی کرتے ہوئے 181رَن بنائے ہیں۔ سری لنکا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

اس سے پہلے گروپ سی کے میچ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں انگلینڈ نے اٹلی کو 24رن سے ہرادیا۔

آج دوپہر میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں افغانستان نے گروپ ڈی میں متحدہ عرب امارات کو پانچ وکٹ سے ہراکر ٹورنامنٹ میں پہلی جیت درج کی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆